Nafees / Tameer

21-06-2025

13.50 Hrs

HL-Opening

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں محمد عمار

---

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بڑھتے ہوئے تناؤ اور دنیا کے مختلف حصوں میں عدم و استحکام کے دوران یوگ امن و سکون کا راستہ دکھاتا ہے۔ انھوں نے اجتماعی کوششوں کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا دنیا کو تنازعات سے تعاون کی جانب لایا جائے۔

☆ وشاکھاپٹنم میں یوگ کی بین الاقوامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ یوگ کو محض انفرادی عادت نہ بنایا جائے بلکہ اسے عالمی شراکت داری کا ایک ذریعہ ہونا چاہیئے۔

☆ بھارت نے ایران میں پھنسے ہوئے نیپال اور سری لنکا کے باشندوں کو بھی آپریشن سندھو کے تحت وہاں سے نکالنے کا فیصلہ کیا ہے۔

☆ موجودہ مالی سال کے دوران اب تک براہ راست مجموعی ٹیکسوں کی وصولی میں چار اعشاریہ آٹھ چھ فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

☆ اور لیڈس کرکٹ ٹیسٹ میچ میں، بھارت آج کھیل کے دوسرے دن اپنے کل کے اسکور تین وکٹ 359 رن سے آگے کھیلنا شروع کررے گا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

AP YOGA DAY

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ آج دنیا کے مختلف حصوں میں بڑھتے ہوئے تناؤ، بدامنی اور عدم استحکام کے درمیان یوگ امن کا راستہ پیش کرتا ہے۔ آندھرا پردیش کے وشاکھاپٹنم میں خوبصورت ساحلی پٹی پر یوگ کے گیارہویں بین الاقوامی دن کی تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے، وزیراعظم نے کہا کہ یوگ انسانیت کو سانس لینے، توازن قائم

کرنے اور دوبارہ تندرست ہونے کے لیے نئی توانائی فراہم کرتا ہے۔

**S/B - 1400-PM Modi on Global Policy**

انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ یوگا کو محض ایک ذاتی مشق نہیں رہنا چاہئے بلکہ عالمی شراکت داری کے لئے ایک ذریعہ بننا چاہئے۔ انہوں نے ہر قوم اور ہر معاشرے سے یوگ کو اپنے طرز زندگی کا حصہ اور عوامی پالیسی میں ضم کرنے کی اپیل کی۔

وزیراعظم مودی نے ایک پرامن، متوازن اور پائیدار دنیا کو آگے بڑھانے کے لیے ایک اجتماعی کوشش کا تصور کرتے ہوئے کہا کہ یوگ کو تنازعات سے تعاون اور تناؤ سے حل تک دنیا کی رہنمائی کرنی چاہیے۔

یوگ کی سائنس کو جدید تحقیق کے ذریعے مضبوط کرنے کی بھارت کی کوششوں کو اجاگر کرتے ہوئے عالمی سطح پر اس کو پھیلانے میں مدد کے لیے، وزیر اعظم نے کہا کہ ملک کے سرکردہ طبی ادارے سرگرمی کے ساتھ یوگ کی تحقیق میں مصروف ہیں، جس کا مقصد موجودہ طبی طور طریقوں میں اس کی سائنسی مطابقت کو قائم کرنا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بھارت اپنے طبی اور تحقیقی اداروں کے ذریعے یوگا کے میدان میں ثبوت پر مبنی تھراپی کو فروغ دے رہا ہے۔

آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (AIIMS)، نئی دلی کے تحقیقی نتائج کا حوالہ دیتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ یوگا نے قلبی اور اعصابی عوارض کے علاج کے ساتھ ساتھ خواتین کی صحت اور ذہنی تندرستی کو بہتر بنانے میں نمایاں اثر دکھایا ہے۔

**S/B- 1400- PM Modi on National Mission**

تقریباً دو لاکھ 72 ہزار لوگوں نے وشاکھاپٹنم میں اس اہم تقریب میں شرکت کی، جس میں مشرقی بحری کمان نے فلائی پاسٹ کیا۔ 45 منٹ تک یوگ کا یہ سیشن جاری رہا۔ ×

## STATES YOGA DAY

ملک بھر میں یوگ کا بین الاقوامی دن منایا جا رہا ہے۔ لداخ کے Kargil میں Khree Sultan Choo Sports Stadium میں یوگا کا بین الاقوامی دن نہایت جوش و خروش کے ساتھ منایا گیا۔ تقریب کی شروعات یوگ کرنے کے عزم کے ساتھ ہوا۔ اس کے بعد یوگ سے دلچسپی رکھنے والے سینکڑوں افراد نے یوگ سیشن میں حصہ لیا۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج دہرہ دون میں Police Line میں منعقدہ یوگ کیمپ میں حصہ لیا۔ عالمی سطح پر یوگ کو فروغ دینے میں بھارت کے اہم رول کو اجاگر کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ عالمی برادری اب بڑے پیمانے پر یوگ کا احترام کرتی ہے۔ مختلف براعظم کے لوگ اس کے فوائد کو سمجھ رہے ہیں اور اس کے ثمرات

حاصل کررہے ہیں۔

**S/B- 1415-President Promoting Yoga**

صدر جمہوریہ نے زور دے کر کہا کہ یوگ محض ایک ورزش نہیں، بلکہ یہ ایک صحت مند اور متوازن طرز زندگی کی بنیاد ہے۔ انہوں نے یوگ کو روز مرہ کی زندگی کا حصہ بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔

گوا میں نئی اور قابل تجدید توانائی کے وزیر مملکت شری پدنائک نے پرانے گوا میں یوگ کے گیارہویں بین الاقوامی دن کی تقریبات کی قیادت کی۔ وزیراعلیٰ ڈاکٹر پرمود ساونت نے Taligaon میں شیاما پرساد مکھرجی اسٹیڈیم میں یوگ ڈے کے پروگرام کی قیادت کی۔×

**MP YOGA**

آج پورے مدھیہ پردیش میں یوگ کا گیارہواں بین الاقوامی دن پورے جوش و خروش کے ساتھ منایا گیا۔ بھوپال میں اٹل پتھ پر ریاستی سطح پر یوگ کا اہتمام کیا گیا۔ وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو، قبائلی امور کے مرکزی وزیر مملکت درگاداس Uikey اور لوک سبھا کے ممبر VD Sharma نے اس میں حصہ لیا۔ ان کے علاوہ سینکڑوں دوسرے افراد نے بھی پروگرام میں یوگ کے مختلف آسن کئے۔ وزیراعلیٰ ڈاکٹر یادو نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ یوگ سے ذہن کو اطمینان اور سکون ملتا ہے۔ اطمینان اورتسلی سے عدم تشدد پیدا ہوتا ہے اور یہی ہم کو وسودھیوا کٹمبکم کا درس دیتا ہے۔ x

**DELHI YOGA DAY**

یوگا کے 11ویں بین الاقوامی دن کے موقع پر، قومی راجدھانی دلی نے مرکزی وزراء، لیڈروں اور عہدیداروں کو یوگا سے دلچسپی رکھنے والے افراد کے ساتھ یوگا کرتے ہوئے مشاہدہ کیا تاکہ تندرستی اور ذہنی سکون کی اہمیت پر زور دیا جاسکے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

**V/C- Anupam Mishra**

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے پارلیمنٹ کے احاطے میں یوگا کے عالمی دن کی تقریبات کی قیادت کی۔ وہیں، مرکزی وزیر صحت جگت پرکاش نڈا نے کرتویہ پتھ پر تقریبات میں شرکت کی۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے نہرو پارک میں مختلف ممالک کے سفیروں کے ساتھ یوگا کی مشق کی۔ وزیرزراعت شیوراج سنگھ چوہان نے لکھپتی دیدی کے ساتھ پوسا میں یوگا کے بین الاقوامی دن کے پروگرام میں شرکت کی۔ ہاؤسنگ اور شہری امور کے وزیر منوہر لال

نے جنتر منتر پر یوگا کی مشق کی۔ نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر منسکھ مانڈویہ نے فٹ انڈیا کے سفیروں کے ساتھ اندرا گاندھی اسٹیڈیم میں یوگا ڈے کی تقریب میں شرکت کی۔ اس دوران دلی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے رکن پارلیمنٹ منوج تیواری کے ساتھ سونیا وہار میں یمنا ندی کے کنارے یوگا کیا۔

انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں عبدالمالک

## PUNJAB YOGA DAY

پنجاب میں ڈاکٹر بی آر امبیڈکر اسٹیٹ اینسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز ایمس موہالی نے آج یوگ کے گیارہویں بین الاقوامی دن کے موقعے پرصحت پیشہ ور افراد کے ذریعے یوگ کا سب سے بڑا سیشن منعقد کر کے ایشیا بک آف ریکارڈس میں نیا ریکارڈ قائم کیا۔ ڈاکٹروں، ایم بی بی ایس کے طلبا، نرسنگ طلبا نیم طبی اور حفظان صحت سے متعلق پیشہ ور افراد سمیت تین ہزار 300 لوگوں نے اس تقریب میں حصہ لیا۔ سرحدی سکیورٹی فورس BSF نے بھی Attari مشترکہ چیک پوسٹ پر ایک ''ایک پرتھوی، ایک سواستھیہ کے لیے یوگ'' کے موضوع کے تحت یوگ کا بین الاقوامی دن منایا۔

S/B- 1400-IG-BSF

## YOGA DAY

آج یوگ کے بین الاقوامی دن، قومی راجدھانی میں آکاشوانی ہیڈکوارٹرز میں یوگ کا خصوصی اجلاس منعقد کیا گیا۔ پروگرام میں آکاشوانی کی ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر پرگیہ پالی وال گوڑ ADG ایل مدھو ناگ، و دیگر اہلکاروں اور عملے کے افراد نے یوگ آسنوں میں حصہ لیا۔x

## TN YOG DAY

اطلاعات و نشریات کے وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن نے کہا ہے کہ وزیراعظم کی کوششوں سے اقوام متحدہ نے یوگ کو تسلیم کیا ہے۔ وہ آج یوگ کے موقع پر چنئی کے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف Siddha میں نامہ نگاروں سے گفتگو کررہے تھے۔ جناب مرگن نے بتایا کہ آج دنیا کے 125 ملکوں میں یوگ کیا گیا۔ انھوں نے کہا کہ یہ صحت کا قدرتی طرز زندگی ہے اور ذیابیطس اور بلڈ پریشر جیسی بیماریوں کا علاج ہے۔

تمل ناڈو میں ریاستی BJP اور Siddha کے مرکزی ادارے کی طرف سے تمام اضلاع میں یوگ کا اہتمام کیا گیا۔ x

## J&K YOGA DAY

جموں و کشمیر کے کشمیر خطے میں پورے دس اضلاع کے لاکھوں لوگوں نے یوگ کی تقریبات میں حصہ لیا۔ جموں وکشمیر میں آیوش کے ڈائریکٹریٹ نے صحت کے محکمے کے تعاون سے سری نگر میں آج صبح سویرے مشہور ڈل لیک کے کنارے یوگ کا اہتمام کیا۔ تقریبات میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا بھی موجود تھے۔x

## YOGA ACCROSS GLOBE

یوگ کے بین الاقوامی دن کے موقع پر آج دنیا کے مختلف ملکوں کی راجدھانیوں اور شہروں میں ہزاروں افراد نے یوگ کی تقریب میں حصہ لیا۔

لندن میں آکسفورڈ اور کیمبرج یونیورسٹی کے کیمپس میں بڑی تعداد میں لوگوں نے مختلف آسن کئے۔ یوگ کی تقریب میں مختلف پس منظر رکھنے والوں اور ہر عمر کے لوگوں نے حصہ لیا۔

نیویارک میں بھارت کے قونصل جنرل نے ٹائمس اسکوائر میں خصوصی یوگ کا اہتمام کیا۔

جاپان کے شہر ٹوکیو میں آج صبح سویرے بدھشٹ ٹمپل Tsukiji Hongwanji میں ہزاروں افراد یوگ میں شامل ہوئے۔

میانمار میں بھارت کے قونصلیٹ جنرل نے Mandalay میں یوگ کا اہتمام کیا، جس میں لگ بھگ سات سو افراد شامل ہوئے۔x

## OPERATION SINDHU SL

علاقائی یکجہتی اور یگانگت کا اظہار کرتے ہوئے بھارت نے آپریشن سندھو کے تحت ایران سے اپنے باشندوں کو نکالے جانے کے ساتھ ساتھ سری لنکا اور نیپال کے باشندوں کو بھی لانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایکس پر ایک شوشل میڈیا پوسٹ کے مطابق نیپال اور سری لنکا کی سرکاروں نے اس سلسلے میں باقاعدہ درخواست کی ہے۔ تہران میں اب بھارت کا سفارتخانہ، بھارتی باشندوں کے ساتھ ساتھ اب جنوبی ایشیا کے دو پڑوسی ملکوں کے شہریوں کو نکالنے میں بھی ہاتھ بٹائے گا اور اس کام میں تال میل کرے گا۔ x

## DIRECT TAX

2025-26 کے مالی سال کے دوران 19 جون تک براہِ راست ٹیکسوں کی مجموعی وصولی میں گذشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں چار اعشاریہ آٹھ چھ فیصد کا اضافہ ہوا اور یہ وصولی لگ بھگ پانچ اعشاریہ چار پانچ لاکھ

کروڑ روپے ہوگئی۔ جبکہ گذشتہ سال یہ تقریباً پانچ اعشاریہ ایک نو لاکھ کروڑ روپے تھی۔ تاہم خالص بالواسطہ ٹیکسوں میں ایک اعشاریہ تین نو فیصد کی معمولی کمی آئی اور یہ رقم چار اعشاریہ پانچ آٹھ لاکھ کروڑ روپے ہوگئی۔ اس کمی کی بنیادی وجہ ٹیکس دہندگان کو تیزی سے ریفنڈ ادا کرنی تھی اور لگ بھگ 58 فیصد ریفنڈ کیا گیا۔

## CRICKET

ٹسٹ کرکٹ میں لیڈس میں جاری اینڈرسن-تیندولکر ٹرافی کے افتتاحی میچ میں پہلے دن کا کھیل ختم ہونے پر بھارت نے 3 وکٹ پر 359 رن بنالئے تھے۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارت کی طرف سے Yashasvi Jaiswal اور کے ایل راہل نے شاندار شروعات کی۔ جیسوال نے سنچری بنائی، جبکہ شبھمن گل نے بھارتی ٹیم کو مستحکم بنانے میں اہم رول ادا کیا۔ آج سہ پہر کپتان شبھمن گل اور نائب کپتان رِشبھ پنت میچ کے دوسرے دن گل کے 359 رن کے اسکور سے آگے کھیلیں گے۔x

## MNRE START UP CHALLENGE

نئی اور قابل تجدید توانائی کی وزارت نے چھت کے اوپر شمسی توانائی اور قابل تجدید توانائی کی اختراعات کو تیز کرنے کے لیے اختراعی پروجیکٹس اسٹارٹ اپ چیلنج شروع کیا ہے۔ اس منفرد قومی اختراعی چیلنج کا مقصد بھارت میں چھتوں پر شمسی توانائی کے ایکو نظام کے لیے اہم حل کی شناخت کرنا اور اس عمل میں مدد فراہم کرنا ہے۔ اسٹارٹ اپ چیلنج چار کلیدی زمروں قابل استطاعت، استحکام، شمولیت اور ماحولیاتی پائیداری پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے بھارت میں اختراع کاروں اور اسٹارٹ اپس سے درخواستیں طلب کرتا ہے۔

منتخب اختراع کار کل دو کروڑ 30 لاکھ روپے کے انعامی زمرے کے لیے مقابلہ کریں گے، جس میں پہلا انعام 1 کروڑ روپے، دوسرا انعام 50 لاکھ روپے، تیسرا انعام 30 لاکھ روپے جبکہ 5-5 لاکھ روپے کے 10 تشجیعی انعامات شامل ہیں۔

اسٹارٹ اپ انڈیا کی ویب سائٹ کے ذریعے درخواستیں جمع کرائی جاسکتی ہیں۔ اس چیلنج میں درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 20 اگست ہے۔x

☆☆☆☆☆